آل پر اور آپ کے تالو کے اگلے حصے پر اگلے حصوں میں۔ اور حلق کے کوے پر حلق کے کووں میں۔ اور حلق کے گوشت پر ان

فِی اللَّغَادِیْدِ وَحَنْجَرِہٖ فِی الْحَنَاجِرِ وَاَعْلِہٖ وَغَارِ اَسْفَلِہٖ

گوشتوں میں۔ اور آپ کے نرخرہ پر نرخروں میں اور نرخرہ کے بالائی حصّہ پر اور اس کے نچلے گہرے حصّے پر

وَحُلْقُوْمِہٖ فِی الْحَلَاقِیْمِ وَحَلْقِہٖ فِی الْحُلُوْقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور آپ کے حلقوم پر حلقوموں میں اور حلق پر گلوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی کَظْمِہٖ

سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سانس کی نالی پر

فِی الْاَکْظَامِ وَنَغْنَغِہٖ فِی النَّغَانِغِ وَمَرِیِّہٖ فِی الْمَرِیَّاتِ وَبُلْعُوْمِہٖ

ان نالیوں میں۔ اور اس کے پھیلے ہوئے حصّے پر ایسے حصّوں میں اور آپ کی مری پر مریوں میں اور آپکے حلقوم پر

فِی الْبَلَاعِیْمِ وَعُنُقِہٖ فِی الْاَعْنَاقِ وَرَقَبَتِہٖ فِی الرَّقَبَاتِ وَجِیْدِہٖ

حلقوموں میں۔ اور آپ کی گردن پر گردنوں میں۔ اور رقبہ پر رقاب میں اور آپ کی گردن پر

فِی الْاَجْیَادِ وَقَفَآئِہٖ فِی الْاَقْفَآءِ وَقَافِیَتِہٖ فِی الْقَوَافِیْ وَحَقِّ

گردنوں میں۔ اور آپ کی گدی پر گدیوں میں۔ سر کی پچھلی جانب پر ایسی جانبوں میں۔ اور آپ کی گدی

قَفَآئِہٖ فِی الْحِقَاقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

کی گہری جگہ پر ایسی گہری جگہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی صَلِیْفِہٖ فِی الصُّلُفِ وَدَلِیَّتِہٖ فِی الدَّلِیَّاتِ

سیّدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی گردن کے پہلو پر پہلوؤں میں۔ اور آپ کے نشان پر نشانوں میں

وَدَاجِہٖ فِی الْاَدْوَاجِ وَفَھْقَتِہٖ فِی الْفَھَاقِ وَوَرِیْدِہٖ فِی الْاَوْرِدَۃِ

اور آپ کی دونوں خون والی رگوں پر ان رگوں میں۔ اور آپ کی گردن کی جڑ والی ہڈی پر ان ہڈیوں میں اور شہ رگ پر

وَعِلْبَآئِہٖ فِی الْعَلَابِیْ وَعَاتِقِہٖ فِی الْعَوَاتِقِ اَللّٰھُمَّ

شہ رگوں میں۔ اور آپ کی گردن کے پہلو والے پٹھے پر ان پٹھوں میں۔ اور آپکے کندھے پر کندھوں میں اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰی عُرُوْقِہٖ السُّبَاتِيَّةِ وَتَرْقُوَتِہٖ فِی التَّرَاقِی وَقَذَالِہٖ فِی

اور آپ کی دراز۔ یا نیند اور اونگھ لاتے والی رگوں پر۔ اور آپ کی ہر ہنسلی پر ہنسلیوں میں۔ اور آپ کی گدی پر

الْقَذَالِ وَکُظْرِہٖ فِی الْاَکْظَارِ وَحَاقِنَتِہٖ فِی الْحَوَاقِنِ وَمُلْتَقٰی

گدیوں میں اور آپ کی ہنسلی کی ہڈی کی درمیانی جگہ پر ایسی جگہوں میں۔ اور آپ کی ہنسلی کی درمیانی جگہ پر ان جگہوں میں اور آپ کی

تَرْقُوَتَيْہِ وَنَضْیِہٖ فِی الْاَنْضِيَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

دو ہنسلیوں کے مقام اتصال پر۔ اور آپ کے کاندھے اور کان کے درمیانی حصے پر ان حصوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی فِقْرَتِہٖ فِی الْفِقَارِ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ (کی پیٹھ کے) ہر مہرہ پر ان مہروں میں اور

نُخَاعِہٖ فِی النُّخُعِ وَجَنَاحَيْہِ فِی الْاَجْنِحَةِ وَشَوْکِہٖ وَشَاخِصِہٖ

ریڑھ کی ہڈی کے مغز پر ان مغزوں میں۔ اور آپ کے دونوں بازوؤں پر بازوؤں میں اور آپ کے بازو کی قوت اور اس کے

فِی الشَّوَاخِصِ وَمَنْکِبِہٖ فِی الْمَنَاکِبِ وَاَسْرَيْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

ابھار پر ابھاروں اور اٹھانوں میں۔ اور آپ کے کندھے پر کندھوں میں۔ اور آپ کے دونوں شانوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی عِطْفِہٖ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے پہلو پر

فِی الْاَعْطَافِ وَکَتِفِہٖ فِی الْاَکْتَافِ وَحَقِّ کَتِفِہٖ فِی الْحِقَاقِ وَ

پہلوؤں میں۔ اور کندھے پر کندھوں میں۔ اور آپ کے بازو اور شانے کے درمیانی بلند حصے پر ان بلند حصوں میں اور

نُغْضِ کَتِفِہٖ وَقَلَّةِ کَتِفِہٖ فِی الْقُلَّاتِ وَمِنْقَارِ غُرَابِہٖ وَ

شانے کی باریک ہڈی پر اور آپ کے شانے کی ہڈیوں اور کھال پر ان ہڈیوں اور کھالوں میں۔ اور آپ کے سر کے پچھلے حصے کی نوکیلی ہڈی

کَاھِلِہٖ فِی الْکَوَاھِلِ وَکَاثِبَتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

پر آپ کی گردن کے قریبی بالائی پٹھے پر ان پٹھوں میں اور آپ کی پیٹھ کے بالائی حصہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بَادِرَتِہٖ فِی الْبَوَادِرِ وَمَنْسَجِہٖ فِی

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے مونڈھے اور گردن کے درمیانی گوشت پر ان گوشتوں میں اور آپ کے رگوں پٹھوں کے باہمی

يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

الْمَنَاسِجِ وَاِبْطِهٖ فِي الْاٰبَاطِ وَبَادِلَتِهٖ فِي الْبَآدِلِ وَسَحْرِهٖ فِي الْاَسْحَارِ

ربط وضبط والے مقام پر ایسے مقامات ہیں۔ اور آپ کی ہر بغل پر بغلوں میں اور آپ کی بغل اور پستان کے درمیانی گوشت پران گوشتوں میں اور آپ کے پھیپھڑے پر پھیپھڑوں

وَحِضْنِهٖ فِي الْاَحْضَانِ وَعَضُدِهٖ وَقَبِيْحِهٖ فِي الْقَبَآئِحِ وَوَابِلَتِهٖ

میں۔ اور آپکے پہلو پر پہلوؤں میں اور آپ کے بازو پر۔ اور بازوؤں کی ہڈی کے کنارے پران کناروں میں۔ اور بازو کے اوپر والے حصے پر

فِي الْاَوَابِلِ وَمِرْفَقِهٖ فِي الْمَرَافِقِ وَسَاعِدِهٖ فِي السَّوَاعِدِ وَزَنْدِ

ان حصوں میں اور آپ کی کہنی پر کہنیوں میں۔ اور آپ کی کلائی پر کلائیوں میں اور آپ کے ہاتھ

اَعْلِهٖ وَاَسْفَلِهٖ وَرُسْغِهٖ فِي الْاَرْسَاغِ وَيَدِهٖ فِي الْاَيَادِيْ يَآ اِلٰهَ

کے بالائی گٹے اور زیریں گٹے پر اور آپ کے پہنچے پر پہنچوں میں اور ہر ہاتھ پر ہاتھوں میں اے معبود

الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ اَنْتَ اِلٰهُ الْاَنْوَارِ الْمُشْرِقَةِ فِيْٓ اَطْبَاقِ

برحق معبودات مشرکین کے بھی کہ بلند ہے جلال اس کا۔ تو ہی اِلٰہ ہے ان انوار کا جو روشن ہیں آسمانوں کے

السَّمٰوٰتِ الْمُتَجَلِّيَةِ بِالْاَنْوَارِ الْجَلِيَّةِ الْبَرَّاقَةِ الْمُسْتَجِنَّةِ مِنْهُ

تمام طبقات میں جو منور ہیں ایسے واضح انوار کے ساتھ جو برق کی مانند چمکنے والے ہیں کہ پوشیدہ ہو جانیوالے ہیں ان کی تجلی سے

الْاَنْوَارُ الظُّلْمَانِيَّةُ الْكَدِرَةُ الْجَهَنَّمِيَّةُ الْمُخَلِّقَةُ الْمُمْحِلَةُ وَيَارَبَّ

ظلمانی اور گدلے انوار جہنم والے جو بوسیدہ اور ویران کرنے والے ہیں۔ اور اے رب

الْفَلَكِ الْكُلِّيِّ الْاَطْلَسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ الثَّمَانِيَةِ الَّتِيْ رَكَدَتْ

فلک کلی کے جو ستاروں سے خالی ہے اور رب ان کے جو اس میں ہیں یعنی وہ آٹھ ملائکہ کہ قرار پکڑے ہوئے ہیں

اَرْجُلُهُمْ اِلٰى تَحْتِ الثَّرٰى وَرُءُوْسُهُمْ تَحْتَ قَوَآئِمِ الْعَرْشِ حَبِّبْنِيْ

پاؤں ان کے زمین کے گیلے حصے سے بھی نیچے اور ان کے سر عرش کے پایوں کے نیچے ہیں مجھے محبوب بنا

فِي الْمَلَكُوْتِ بِالرِّفْعَةِ وَاَشْغِلْنِيْ عَنِ النَّاسُوْتِ بِالْجَبَرُوْتِ مَعَ

عالم بالا میں ساتھ رفعت درجات کے۔ اور مشغول کر مجھے عالم اجسام سے ساتھ جبروت کے بمع

الْجَلَالَةِ وَسَلِّطْنِيْ عَلٰى مُشَافَهَةِ الْعُلْوِيَّاتِ فِيْ مُشَاهَدَةِ الْحَقَآئِقِ

جلالت کے اور مسلط فرمائے مجھے علویات کے روبرو ہو کر حقائق کا مشاہدہ کرنے پر

وَالْمُغَيَّبَاتِ الْجَلَالِيَّاتِ وَالْجَمَالِيَّاتِ وَلَا تُؤَاخِذْنِي بِالْحَتْفِ

اور غیبی امور کے مشاہدہ کرنے پر جلالی ہوں یا جمالی ۔ اور نہ مؤاخذہ فرما مجھ سے ساتھ موت طاری کر کے

عَنْ تَحْصِيلِ الْكَمَالَاتِ وَلَا أُخْلِفُ مِنْ وَّعْدِكَ وَلَا أُخْلَفُ مِنَ

کمالات کے حصول سے (محروم کرنے) اے پس نہیں خلاف کروں گا میں تیرے وعدے کا۔ اور نہ محروم رکھا جاؤں گا

الْأَسْرَارِ الْخَفِيَّةِ مِنْ فَوَائِدِ حُجُبِكَ وَاجْعَلْنِي مِنْ أَصْحَابِ

اسرار خفیہ سے جو تیرے حجابات کے فوائد و ثمرات ہیں۔ اور بنا مجھے دائیں جانب والوں سے

الْيَمِينِ وَلَا تُزْهِقْ دَعَوَاتِي وَكَلَامَاتِي يَا صَادِقَ الْوَعْدِ وَالْقَوْلِ

اور نہ دور کر میری دعاؤں کو اور کلاموں کو اے اس سچے وعدے اور قول والے کر

مِنْ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ أَزْلِفْنِي عِنْدَ الْبَرَرَةِ السَّجَّادَةِ

(قبول کرتا ہوں میں ہر دعا کرنے والے کی دعا جبکہ دعا کرے مجھ سے) قریب کر مجھے اپنے نکوکاروں کے جو سجدہ کرنے والے

وَالرَّكَّاعَةِ مَعَ الْمَلَإِ الْأَعْلَى الَّتِي حَوْلَ السِّدْرَةِ الْمَرْفُوعَةِ الْمَنْزُوعَةِ

اور رکوع کرنے والے ہیں ساتھ ملاء اعلیٰ کے جو بلند مقام سدرہ کے گرد ہیں۔ جن سے سلب کر لی گئی ہیں

عَنْهَا الشَّهَوَاتُ النَّفْسِيَّةُ وَاللَّذَّاتُ الرُّوحِيَّةُ آخِذَ الْفَيْضِ الرَّبَّانِيِّ

خواہشات نفسانیہ اور لذات روحانیہ درآنحالیکہ میں حاصل کرنے والا ہوں فیض ربانی

النُّورِيِّ وَبِهِ الْحَيٰوةُ وَالْهِدَايَةُ كَائِنًا فِي عَالَمِ الْأَمْرِ سَائِرًا إِلَى

نورانی کا جبکہ ساتھ اسی کے حیوٰۃ اور ہدایت ہے درآنحالیکہ موجود ہونے والا ہوں عالم امر میں۔ سیر کرنیوالا ہوں پیچھے

وَرَآءِ الْفَلَكِ الْكُلِّيِّ الْأَطْلَسِ فِي الْخَلَاءِ الْأَبْعَدِ مُنْقَلِبَةً وَّهُمَاتِي

فلک کلی اطلس کے اس خلاء میں جس کا بعد بعید ہے درآنحالیکہ پھرنے والے ہوں میرے اوہام

إِلَى الْحَقِّ اللّٰهُمَّ لَا تُبْقِنِي فِي الْأَسْجَافِ الظُّلْمَانِيَّةِ أَنْتَ الْمُخْرِجُ

طرف حق کے۔ اے اللہ نہ باقی رکھ مجھے ظلمانی پردوں میں۔ تو ہی نکالنے والا ہے

الْجَرَّارُ مِنْهَا إِلَى النُّورِ اللَّامِعِ الْهَادِي الْكَشَّافِ اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِينَ

کھینچنے والا ہے ان سے طرف نور کے جو چمکنے والا اور رہنمائی کرنے والا ہے اور کھولنے والا ہے (حقائق کا) اللہ تعالیٰ مددگار ہے ان لوگوں کا

اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّفِيْعُ الْغَنِيُّ
جو ایمان لائے نکالتا ہے انھیں ظلمتوں سے نور کی طرف ۔ اے اللہ تو ہی بلند مرتبت ، بے نیاز

الْوَهَّابُ وَاَنَا الْفَقِيْرُ الذَّلِيْلُ الْمُحْتَاجُ لَآ اِلٰهَ سِوَاكَ اِجْعَلْنِيْ فَارِغَ
اور ہبہ کرنے والا ہے جبکہ میں فقیر محتاج اور ذلیل ہوں ۔ نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے بنا مجھے خالی دل والا

الْقَلْبِ مَجْمُوْعَ الْهَمِّ وَوَارِثًا فِي الْاَعْمَالِ وَالْخَيْرَاتِ الْعِلْمِيَّةِ اللَّوْحِيَّةِ
(اپنے غیر سے) اور مجتمع عزم وارادہ والا ۔ اور وارث تمام اعمال اور خیرات علمیہ کا جو لوح (محفوظ) میں ہیں اور

الْمُنْتَقِشَةِ فِي الصُّوَرِ الْكُلِّيَّةِ مِنَ الْمَظَاهِرِ الرَّفِيْعَةِ فِيْ مَقَامِ الْجَمْعِ وَ
نقش ہونے والے ہیں مظاہر رفیعہ کے صور کلیہ میں مقام جمع اور

الْكُلِّ وَارْفَعْنِيْ مَرْتَبَةً بِاِعْطَاءِ طُعْمَةٍ وَّلُقْمَةٍ نُوْرِيَّةٍ جَمَالِيَّةٍ لِرُوْحِيْ
کل ہیں ۔ اور بلند فرما میرے مرتبہ کو بسبب عطا کرنے ایسے طعام اور لقمہ کے میرے روح کو جو کہ نوری اور جمالی ہے

اَخْذَةً مِّنْ نَّصِيْبِ نَفْسِيْ فَنَسْتَغْرِقُ فِي الْمُطَالَعَاتِ الْجَلَالِيَّةِ
شروع ہوتے والا ہے میرے نفس کے نصیب اور حصہ سے پس ہم (روح اور نفس کے ساتھ) مستغرق ہو جائیں (تیرے) جلال کے مطالعات میں

وَالْمُلَاحَظَاتِ الْجَمَالِيَّةِ بِاِشْرَاقِ سِرَاجِ الْكَائِنَاتِ الْمُحِيْطَةِ
اور (تیرے شان) جمال کے ملاحظات میں بسبب روشن ہو جانے کائنات کو منور کرنے والے چراغ کے کہ احاطہ کرنے والی ہیں

اَضْوَاءُهَا بِاَرْكَانِ الْعَالَمِ وَاَطْرَافِهٖ مِنْ غَيْرِ اِطْفَاءٍ يَّا مُدَبِّرَ
اس کی ضیائیں تمام عالم کے ارکان و اطراف کا بغیر کسی لمحہ بجھنے اور بے نور ہونے کے ۔ اے تدبیر اور انتظام فرمانے والے

الدَّوَّارِ الْاَعْظَمِ الْمُحِيْطِ بِكُلِّ الْاَدْوَارِ اِجْعَلْنِيْ قَعِيْدًا مَّعَ جُلَسَاءِ
عظیم ترین فلک دائرے کے جو احاطہ کئے ہوئے ہے تمام ادوار کا بنا مجھے ہمنشین حق اور

الْحَقِّ مَعَ الصِّدْقِ مِنَ الْاَوْلِيَاءِ الطَّيَّارِيْنَ اِلٰى مُشَاهَدَتِكَ مِنْ
صدق والے جلساء کا یعنی ان اولیاء کرام کا جو پرواز کرنے والے ہیں تیرے مشاہدہ ذات کی طرف

غَيْرِ الْحِرْمَانِ يَا ذَا الْاِحْسَانِ اِرْفَعْ دَرَجَاتِيْ اِلَى اللَّاهُوْتِيِّ مِنَ
بغیر حرمان اور محرومی کے ۔ اے مالک احسان کے ۔ بلند فرما میرے درجات کو لاہوتی بلندیوں

الرِّفْعَاتِ الْمَشْمُوْلَةِ الْاَنْوَاعِ تَحْتَ هٰذَا الْاِسْمِ الرَّفِيْعِ

تک جو تمام اقسام کی بلندیوں کا احاطہ کرنے والی ہیں نیچے اس اسم رفیع و

الْجَلِيْلِ حَتّٰى اَكُوْنَ مُسَامِرًا فِىْ بِسَطْوَاتٍ وَّمُتَصَرِّفًا بِعَوَارِضِ

جلیل کے حتیٰ کہ ہو جاؤں میں اپنے ساتھ ہمکلام ساتھ سطوات اور غلبہ کے اور منصرف ہو جاؤں ملائکہ والے

الْمَلٰٓئِكَةِ فِىْ عَيْنِ نُعُوْتِ الْكَمَالِ ثُمَّ عَرِّجْنِىْ وَاَلْحِقْنِىْ بِالرُّوْحِ

عوارض وصفات (حاصل کرنے کے) ذریعے صفاتِ کمال میں ۔ پھر مجھے بلندی پر چڑھا اور لاحق فرما اس روح اقدس کیساتھ

الَّذِىْ هُوَ اَبُو الْاَرْوَاحِ الْمُحَمَّدِىِّ بِالطَّاعَةِ وَالْاِنْقِيَادِ وَحُصُوْلِ

جو کہ تمام ارواح کی اصل ہے یعنی روح محمدی کے ساتھ بسبب اطاعت گزاری اور تابعداری کے اور حاصل ہونے

الصِّفَاتِ فِى الْمَرَاتِبِ الْاِضَافِيَّاتِ وَالْكَثْرَاتِ مُتَوَجِّهًا

صفات کے مراتب اضافیہ اور مراتب کثرت میں در آنحالیکہ توجہ کرنے والا ہو جاؤں

اِلٰى عَالَمِ الْقُدُسِ فِىْ اقْتِنَآءِ الْعَجَائِبِ وَاِسْعَافِ الْحَاجَاتِ

طرف عالم قدس کے عجائبات کے حاصل کرنے میں اور حاجات کے پورا کرنے میں

مَعَ اِشْرَافِ الْخَوَاصِّ الْاِلٰهِيَّاتِ بِضِمْنِ الْبَدَنِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ

بمع منعکس ہونے اور پرتو فگن ہونے خواص الٰہیہ کے میرے بدن اور روح کے اندر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ذِرَاعِهٖ

صلواۃ وسلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر اور آپ کی ہر دو کلائیوں پر

فِى الْاَذْرُعِ وَنَاشِرَتِهٖ فِى النَّوَاشِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کلائیوں میں اور آپ کے ہاتھوں کے رگوں پٹھوں پر تمام ایسے پٹھوں اور رگوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رَاحَتِهٖ فِى الرَّاحِ وَكَفِّهٖ فِى

محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر۔ اور آپ کی ہتھیلی کے اندرونی حصّہ پر ایسے تمام حصّوں میں اور ہتھیلی پر ہتھیلیوں میں

الْكُفُوْفِ وَبَطْنِ كَفِّهٖ فِى الْبُطُوْنِ وَظَهْرِ كَفِّهٖ فِى الْاَكُفِّ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی ہتھیلی کے اندرون پر ہتھیلیوں کے اندرونی حصّوں میں اور اس کی پشت پر ہتھیلیوں کی پشتوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی عُفَمِهٖ
صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی پیٹھ کے مہروں پر
وَرَاسِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
اور آپ کے کندھوں پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اِصْبَعِهٖ فِی الْاَصَابِعِ وَرَاجِبَتِهٖ فِی الرَّوَاجِبِ اَللّٰهُمَّ
محمد کی آل پر اور آپ کی ہر انگلی پر انگلیوں میں۔ اور آپ کی ہر انگلی کے ہر جوڑ پر ان کے جوڑوں میں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شُنْتُرِهٖ
صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر دو انگلیوں کے
فِی الشَّنَاتِرِ وَخُنْصَرِهٖ فِی الْخَنَاصِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
درمیانی حصے پر۔ اور آپ کی ہر ہر چھنگلی پر چھنگلیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بِنْصِرِهٖ فِی الْبَنَاصِرِ وَوُسْطَیِهٖ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی چھنگلی کے ساتھ والی انگلی پر ان انگلیوں میں اور آپ کی ہر دو درمیانی انگلیوں پر
فِی الْوُسْطَیَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
درمیانی انگلیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُسَبِّحَتَيْهِ فِی الْمُسَبِّحَاتِ وَاِبْهَامَيْهِ فِی الْاَبَاهِيْمِ
محمد کی آل پر۔ اور آپ کی دونوں شہادت والی انگلیوں پر شہادت والی انگلیوں میں۔ اور آپ کے دونوں انگوٹھوں پر انگوٹھوں میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور
عَلٰی كُوْعِهٖ وَبَنَانَتِهٖ فِی الْبَنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
آپ کی کلائی کے جوڑ پر اور آپ کے ہر پورے پر ان انگلیوں کے پوروں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَنْسَانِهٖ فِی الْاُنَاسِ وَكَعْسِهٖ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی آنکھ کی پتلی پر آنکھوں کی پتلیوں میں اور آپ کے جوڑوں کی ہڈی پر

فِی الْکِعَاسِ وَبَصِمِہٖ وَعَتَبِہٖ وَعَسَنِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

ان ہڈیوں میں اور آپ کی چھنگلی اور اس کے ساتھ والی کے درمیانی فاصلے پر۔ اور ان دونوں کے درمیانی حصے پر اور آپ کی چربی پر یا رعنائی پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی رَتَبِہٖ وَفَتَرِہٖ وَفَوْتِہٖ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر۔ اور آپ کی خنصر و بنصر کے درمیانی فاصلے پر۔ اور آپ کی انگشت شہادت اور انگوٹھے کی کشادگی کی حالت میں درمیانی فاصلے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پر۔ اور کوئی سی دو انگلیوں کے درمیانی فاصلہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور

عَلٰی اَرَبِہٖ فِی الْاٰرَابِ وَفُرُجَتِہٖ فِی الْفُرَجِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

آپ کے ہر ہر عضو پر اعضاؤں میں۔ اور آپکے (اعضاء کی) درمیانی کشادگی پر کشادگیوں میں اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَشْجُعِہٖ فِی الْاَشَاجِعِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر انگلی کی جڑ پر ان کی جڑوں میں

وَبُرْجُمَتِہٖ فِی الْبَرَاجِمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور جوڑوں کے خطوط اور لکیروں پر ان لکیروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَنْمُلَتِہٖ فِی الْاَنَامِلِ وَشِبْرِہٖ فِی

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر انگلی کے سرے پر انگلیوں کے سروں میں اور آپ کی بالشت پر

الْاَشْبَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بالشتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰی یُمْنِیِّہٖ فِی الْیُمْنِیَّاتِ وَیُسْرِیِّہٖ فِی الْیُسْرِیَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور آپ کے دائیں انگلیوں پر دائیں انگلیوں میں اور بائیں انگلیوں پر بائیں انگلیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ظُفْرِہٖ فِی

و سلام بھیج سیدنا محمد پر۔ اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے ہر ناخن پر

الْاَظْفَارِ وَفُوْفِہٖ فِی الْاَفْوَافِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ناخنوں میں۔ اور ہر ناخن کے ابتدائی سفید حصے پر ان سفید حصوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر (اور آپ کی آل پر)

وَّعَلٰی قُلَامَتِہٖ فِی الْقُلَامَاتِ وَوَبْشِہٖ فِی الْاَوْبَاشِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کے ناخنوں کے ہر تراشہ پر تراشوں میں ۔ اور آپ کے ناخنوں کے سفید نشانات پر سفید نشانوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِکْلِیْلِہٖ فِی الْاَکَالِیْلِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر ۔ اور آپ کے ناخنوں کے اردگرد کے گوشت پر ایسے گوشتوں میں

وَظَھْرِہٖ فِی الْاَظْھُرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور آپ کی پشت اقدس پر پشتوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مَطَآئِہٖ فِی الْاَمْطَاءِ وَحَاذِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد کی آل پر اور آپ کی پشت اقدس پر پشتوں میں اور آپ کی پیٹھ پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعُضْلَتَیْ ظَھْرِہٖ وَکَتِدِہٖ فِی الْاَکْتَادِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی پشت اقدس کے دو مضبوط پٹھوں پر ۔ اور آپ کے دونوں کندھوں کی درمیانی جگہ پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی

مَتْنِہٖ فِی الْمُتُوْنِ وَعَظْمِہٖ الْعَرِیْضِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پیٹھ مبارک پر پیٹھوں میں اور آپ کی چوڑی ہڈی مبارک پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر ۔ اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ضِلَعِہٖ فِی الْاَضْلَاعِ وَاَضْلَاعِ صَدْرِہٖ فِی الضُّلُوْعِ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر پسلی پر پسلیوں میں ۔ اور آپ کے سینے کی پسلیوں پر پسلیوں میں ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور

عَلٰی ضِلَعِہِ الْقُصَیْرِیِّ وَنَافِجِہٖ فِی النَّوَافِجِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

آپ کی چھوٹی پسلی پر اور آپ کی آخری پسلی پر آخری پسلیوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی غِشَآءِ الْمُسْتَبْطِنِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے اس لمبی پردے پر

لِاَضْلَاعِهٖ وَغِشَاۤءِ الْمُسْتَظْهِرِ لِاَضْلَاعِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جو آپ کی پسلیوں کی اندرونی جانب ہے اور اس پردے پر جو آپ کی پسلیوں کی بیرونی جانب ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَنْبِهٖ فِى الْجُنُوْبِ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے پہلو پر پہلوؤں میں اور

شُرْسُوْفِهٖ فِى الشَّرَاسِفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آپ کی پسلیوں کے پیٹ مبارک کی جانب والے حصے پر ان پسلیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سِنْسِنِهٖ فِى السَّنَاسِنِ وَفَرْشِيْهِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے سینہ کی ہڈیوں کے سرے پر سینوں کی ہڈیوں کے سروں میں اور آپ کی زبان مبارک کے نیچے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى طَفْطَفَتِهٖ فِى

کی دو رگوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی کمر پر

الطَّفَاطِفِ وَصَدْرِهٖ فِى الصُّدُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کمروں میں اور آپ کے سینہ پر سینوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عَظْمِهٖ الزَّوْرِ فِىْ وَجَنْجَنِهٖ فِى

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی کشتی نما (سینہ کی) ہڈی پر اور آپ کے سینہ کی ہڈیوں پر

الْجَنَاجِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

ان ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ثُغْرَتِهٖ فِى الثُّغْرِ وَبَرْقِهٖ فِى الْبُرُوْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد کی آل پر۔ اور آپ کے سامنے والے مبارک دانتوں پر ان دانتوں میں اور ان کی چمک پر چمکوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى حَيْزُوْمِهٖ فِى الْحَيَازِيْمِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی چھاتی کے درمیانی حصے پر چھاتیوں کے درمیانی حصوں

وَبُلْدَتِهٖ فِى الْبُلَدَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

میں۔ اور آپ کے سینے پر سینوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَانِحَتِہٖ فِی الْجَوَانِحِ وَجُوْشَنِہٖ فِی الْجَوَاشِنِ

سیدنا محمّد کی آل پر۔ اور آپ کی جانب پر جوانب میں اور آپ کے سینہ پر سینوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

حِجَابِ صَدْرِہٖ فِی الْحُجُبِ وَزَوْرَتِہٖ فِی الْاَزْوَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سینہ کے لحمی پردہ پر۔ اور آپ کے سینہ کے بالائی حصّے کی خمیدگی پر سینوں کی خمیدگیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی تَرِیْبَتِہٖ

و سلام بھیج سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر۔ اور آپ کی چنبر والی ہڈیوں پر ان

فِی التَّرَآئِبِ وَقَصِّہٖ فِی الْقِصَاصِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہڈیوں میں اور آپ کے سینہ کی ہڈی پر سینہ کی ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ اور سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مَسْرُبَتِہٖ وَشَرْحِ صَدْرِہٖ اِلٰھِیْ کَفٰی عِلْمُکَ عَنِ الْمَقَالِ

محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر اور آپ کے سینہ سے شروع ہونے والی بالوں کی باریک لکیر پر اور سینہ کی کشادگی پر۔ اے میرے خدا کافی

وَکَفٰی کَرَمُکَ عَنِ السُّؤَالِ یَآ اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ ۝

ہے علم تیرا قول وکلام سے۔ اور کفایت کرنیوالا ہے جود و کرم تیرا سوال سے۔ اے معبود برحق تمام جہانوں کے۔ اے سب مددگاروں سے بہتر مددگار

بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ سِرِّ ھٰذِہِ

تیری رحمت کے ساتھ استغاثہ کرتا ہوں میں اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان۔ اے اللہ بطفیل حق ان اسرار کے

الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ کَرَمِکَ الْخَفِیِّ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِیَ

سِرّ کے۔ اور بطفیل تیرے حق کرم کے جو خفی در خفی ہے اور بطفیل حق اسم اعظم کے سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تو پورا فرمائے

حَاجَتِیْ وَتُھْلِکَ عَدُوِّیْ وَتُوْصِلَنِیْ اِلٰی مُرَادِیْ وَتَدْفَعَ عَنِّیْ شَرَّ

میری حاجت کو اور ہلاک کرے میرے دشمن کو اور مجھے واصل کرے میری مراد تک۔ اور دور کرے مجھ سے شر و فساد

جَمِیْعِ عِبَادِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ

اپنے تمام بندوں کا۔ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ مہربان۔ اے اللہ مجھے بچا فتنوں کے شر سے

وَعَافِنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْمِحَنِ وَاَصْلِحْ مِنِّیْ مَاظَهَرَ وَمَا بَطَنَ وَنَقِّ قَلْبِیْ

اور مجھے عافیت بخش تمام مشقتوں سے اور اصلاح فرما میرے ظاہری اور میرے باطن کی اور پاک فرما میرے قلب کو

مِنَ الْحِقْدِ وَالْحَسَدِ وَلَا تَجْعَلْ عَلَیَّ تِبَاعَةً لِاَحَدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

کینہ اور حسد سے۔ اور نہ ڈال مجھ پر تاوان کسی کے بیسے۔ اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الْاَخْذَ بِاَحْسَنِ مَا تَعْلَمُ وَالتَّرْكَ لِسَیِّئِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ التَّكَفُّلَ

قبول کرنے اور لینے کا جو خوب تر ہے ان تمام (اعمال سے) جو تیرے علم میں ہیں اور ترک کرنے کا میرے اعمال میں سے ابدتر کا جو تیرے علم میں

بِالرِّزْقِ وَالزُّهْدَ فِی الْكَفَافِ وَالْمَخْرَجَ بِالْبَیَانِ مِنْ كُلِّ شُبْهَةٍ وَ

ہیں۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کفیل بننے کا ساتھ رزق کے اور زہد کا گزران میں۔ اور خلاصی پانے کا بیان کے ذریعے ہر قسم کے شبہات سے اور

الْفَلَجَ بِالصَّوَابِ فِیْ كُلِّ حُجَّةٍ وَّالْعَدْلَ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضٰی وَالتَّسْلِیْمَ

کشادگی کا ساتھ صواب کے ہر حجت و دلیل میں۔ اور عدالت کا ناراضگی اور رضا مندی میں

لِمَا یَجْرِیْ بِهِ الْقَضَآءُ وَالْاِقْتِصَادَ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی وَالتَّوَاضُعَ فِی

اور دل و جان سے ماننے کا ہر اس چیز کو کہ جاری ہوتی ہے ساتھ اس کے تیری قضاء اور درمیانہ روی کا فقر اور غنا میں۔ اور تواضع کا

الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَالصِّدْقَ فِی الْجِدِّ وَالْهَزْلِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ لِیْ ذُنُوْبًا

قول و عمل میں اور سچائی کا ارادی کلام اور سنجیدہ سخن میں اور استہزائی کلام اور غیر سنجیدہ سخن میں۔ اے اللہ میرے کچھ گناہ ایسے ہیں

فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ وَذُنُوْبًا فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ

جو میرے اور تیرے درمیان ہیں اور کچھ ایسے گناہ ہیں جو میرے اور تیری مخلوق کے درمیان ہیں۔ اے اللہ جو ان میں سے

لَكَ مِنْهَا فَاغْفِرْهُ وَمَا كَانَ مِنْهَا لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ عَنِّیْ وَاَغْنِنِیْ

تیرے حق میں ہیں وہ معاف فرما اور ان میں سے جو تیری مخلوق کے حق میں ہیں تو انہیں بھی مجھ سے اٹھالے اور مجھے غنی کردے

بِفَضْلِكَ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنے فضل کے ساتھ (اپنے ماسوا سے) بیشک تو وسیع مغفرت والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شَقِّ صَدْرِهٖ فِی الصُّدُوْرِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے شق صدر پر سینوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ثُنْدُوَتِہٖ فِی

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے پستان پر

الثَّنَادِیْ وَحَلَمَتِہٖ فِی الْحَلَمَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پستانوں میں اور پستانوں کے سروں پر ان کے سروں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی رِیَتِہٖ فِی الرِّیَاتِ وَفُؤَادِہٖ فِی الْاَفْئِدَۃِ

اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے پھیپھڑے پر پھیپھڑوں میں اور آپ کے دل پر دلوں میں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

سُوَیْدَآئِہٖ فِی السُّوَیْدَاتِ وَغِلَافِ قَلْبِہٖ فِی الْغُلُفِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

دل انور کے وسط پر دلوں کے اوساط میں اور آپ کے دل انور کے بیرونی غلاف اور پردہ پر دلوں کے غلافوں میں۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بَطْنَیْ قَلْبِہٖ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے دل اقدس کے اندرونی دونوں حصوں پر

فِی الْبُطُوْنِ وَدِھْلِیْزِہٖ فِی الدَّھَالِیْزِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ان اندرونی حصوں میں۔ اور دل منور کی لمبی نالی پر لمبی نالیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی قَاعِدَۃِ قَلْبِہٖ فِی الْقَوَاعِدِ وَحِجَابِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے دل انور کے ابتدائی بنیادی حصے پر بنیادی حصوں میں۔ اور دل

قَلْبِہٖ فِی الْحُجُبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

انور کے حجاب پر حجابوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شِغَافِہٖ وَاَبْھَرَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد کی آل پر اور آپ کے دل مقدس کے وسطی حصہ پر۔ اور آپ کے دل مبارک کی دو بڑی رگوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ اور سلام

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اُذُنَیْ قَلْبِہٖ فِی الْاٰذَانِ

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے دل انور کے دونوں کانوں پر کانوں میں

وَنُجُفِهٖ فِی الْاَنْجَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اور آپ کے دل اقدس کی وسطی موٹی اور ابھری ہوئی جگہ پر ان جگہوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی حَبَّةِ قَلْبِهٖ فِی حَبَّاتِ الْقُلُوْبِ وَوَتِیْنِهٖ فِی الْوَتِیْنِ

پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر اور آپ کے دل اقدس کے اندرونی حبّہ اور نقطہ پر دلوں کے نقطوں میں اور آپ کے دل اقدس کی بڑی رگ پر ان بڑی رگوں میں (جو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

سارے بدن کو خون پہنچاتی ہیں) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر اور آپ کے

عَلٰی کَبِدِهٖ فِی الْاَکْبَادِ وَسَوَادِ بَطْنِهٖ فِی الْبُطْنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جگر پر جگروں میں ۔ اور آپ کے بطن اقدس کے اندرونی اجزاء پر ان اندرونی اجزاء میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُحَدَّبِ کَبِدِهٖ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر اور آپ کے جگر کے بیرونی ڈھلوان حصّہ پر

وَمُقَعَّرِ کَبِدِهٖ وَزَوَائِدِ کَبِدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور آپ کے جگر کی گہرائی پر ۔ اور اس کے بڑھے ہوئے حصّوں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بَابِهٖ فِی الْاَبْوَابِ وَاَجْوَفَیْهِ وَمَرَارَتِهٖ

سیّدنا محمّد کی آل پر ۔ اور آپ کے (دل یا جگر) کے باب اور آغاز پر ابواب میں ۔ اور آپ کے جگر کے اندرونی دو خالی اجزاء پر اور آپ کے پتّے پر

فِی الْمَرَارَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

پتّوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طِحَالِهٖ فِی الطُّحُلِ وَفَمِ مِعْدَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سیّدنا محمّد کی آل پر ۔ اور آپ کی تلی پر تلیوں میں ۔ اور آپ کے فم معدہ پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِعْدَتِهٖ فِی الْمِعَدِ وَاُمِّ طَعَامِهٖ فِی

محمّد پر ۔ اور سیّدنا محمّد کی آل پر ۔ اور آپ کے معدے پر معدوں میں ۔ اور آپ کے معدے میں طعام والی جھلی پر

اُمَّاتِ الطَّعَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

ان جھلیوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بَطْنِهٖ فِی الْبُطُوْنِ وَعُكْنَتِهٖ فِی الْعُكَنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد کی آل پر۔ اور آپ کے بطن اقدس پر بطون میں اور پیٹ مبارک کی سلوٹوں پر پیٹوں کی سلوٹوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی لِیْطَتِهٖ وَمَاسَارِیْقَآئِهٖ

سیدنا محمد پر۔ اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی جلد پر۔ اور آپ کی ماساریقاؤں پر یعنی دل کی باریک رگوں پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی

حَشَآئِهٖ فِی الْاَحْشَآءِ وَمَرَقِّهٖ فِی الْمَرَاقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

انتڑیوں پر انتڑیوں میں اور آپ کے پیٹ کے ناف سے متصل حصے پر ان حصوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ثَرْبِهٖ فِی الثُّرُوْبِ وَصِفَاقِهٖ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی اوجھڑی اور انتڑیوں کی چربی پر ان چربیوں میں۔ اور جلد کے اندر والی باریک جھلی پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سُرِّهٖ فِی

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے بچپن کے دور کی ناف پر

الْاَسِرَّةِ وَسُرَّتِهٖ فِی السُّرَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور بعد والے ادوار میں آپ کی نال اور ناف پر نافوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ثُنَّتِهٖ فِی الثُّنَنِ وَرُكْبَتِهٖ فِی الرُّكَابِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے پاؤں کے بالوں پر ان بالوں میں۔ اور آپ کے زانو پر زانوؤں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مَاْنَتِهٖ فِی

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی ناف اور اس کے

الْمَاْنَاتِ وَخَثْلَتِهٖ فِی الْخَثَلَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اردگرد کے حصہ پر نافوں میں۔ اور آپ کے پیڑو پر پیڑوؤں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی قَصَبِهٖ فِی الْاَقْصَابِ وَمَصِیْرِهٖ فِی

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے حلق سے معدہ تک کی نالی پر ایسی نالیوں میں اور آپ کی آنت پر

الْمَصَارِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آنتوں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى مَعَآئِهٖ فِى الْاَمْعَآءِ وَكَرِشِهٖ فِى الْكُرُوْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کی انتڑی پر انتڑیوں ہیں۔ اور آپ کے معدہ پر معدوں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اِثْنَىْ عَشَرِيَّتِهٖ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے بارہ طبقات جسم پر یا بارہ اجزاء اور اعضاء ظاہرہ پر یا بارہ اندرونی اجزاء

صَآئِمِهٖ وَدُقَاقِهٖ وَاَعْوَرِهٖ وَقُوْلُوْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر اور بڑی مضبوط ہڈیوں پر اور باریک ہڈیوں پر اور آپ کے مفرد اجزاء پر اور مرکب اجزاء پر اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَعَآئِهِ الْمُسْتَقِيْمِ وَكُلْيَتِهٖ فِى

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی سیدھی آنت پر۔ اور آپ کے گردے پر

الْكُلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

گردوں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى مَثَانَتِهٖ فِى الْمَثَانَاتِ وَخَاصِرَتِهٖ فِى الْخَوَاصِرِ وَخَصْرِهٖ

اور آپ کے مثانے پر مثانوں ہیں۔ اور آپ کے پہلو پر پہلوؤں ہیں اور آپ کی کمر پر

فِى الْخُصُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کمروں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عَظْمِ حَرْقَفَتِهٖ وَكَشْحِهٖ فِى الْكُشُوْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد کی آل پر اور سرین والی ہڈی پر۔ اور آپ کے پہلو پر پہلوؤں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى وَرِكِهٖ فِى

و سلام بھیج سیدنا محمد پر۔ اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی سرین پر

الْاَوْرَاكِ وَحُقِّ وَرِكِهٖ فِى الْحِقَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سرینوں ہیں۔ اور سرین کے سرے پر سرینوں کے سروں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عُصْعُصِهٖ فِى الْعَصَاعِصِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور سرین کی ہڈی کے سرے پر ایسی ہڈیوں کے سروں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور

عَلٰى قُرْبِهٖ فِى الْاَقْرَابِ وَفَخِذِهٖ فِى الْاَفْخَاذِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آپ کی کوکھ پر کوکھوں میں۔ اور آپ کے ران پر رانوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى كَاذَتِهٖ فِى الْكَاذَاتِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی ران کے ابھرے ہوئے گوشت پر ان کے ابھرے ہوئے گوشتوں میں

وَمَغْبَنِهٖ فِى الْمَغَابِنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رَغْبَتِىْٓ اِلَيْكَ فَوْقَ رَغْبَةِ

اور آپ کی بغل پر بغلوں میں ۔ اے اللہ بنا میری رغبت کو طرف اپنی ذات کے بلند تر تمام رغبت کرنے

الرَّاغِبِيْنَ وَحَمْدِىْٓ اِلَيْكَ فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِيْنَ وَلَا تَخْذُلْنِىْ

والوں کی رغبتوں سے۔ میری حمد و ستائش اپنی بارگاہ میں (بنا) بلند تر سب حمد کرنے والوں کی حمد سے۔ اور مجھے محروم التفات نہ

عِنْدَ فَاقَتِىْٓ اِلَيْكَ وَلَا تُهْلِكْنِىْ بِمَآ اَسْدَيْتُهٗٓ اِلَيْكَ وَ

رکھنا وقت میری محتاجی کے طرف تیرے اور مجھے نہ ہلاک کرنا بسبب اس کے جو میں نے (تیرے احکام کو ادھورا چھوڑا اور

وَلَا تَجْبَهْنِىْ بِمَا جَبَهْتَ بِهِ الْمُعَانِدِيْنَ لَكَ فَاِنِّىْ لَكَ مُسْلِمٌ

نہ سختی سے پیش آنا مجھ سے ساتھ اس شدت اور سختی کے جس کے ساتھ تو نے اپنے معاندین کے ساتھ سلوک کیا کیونکہ میں تو یقیناً تیرے لیے اسلام لانیوالا

اَعْلَمُ اَنَّ الْحُجَّةَ لَكَ وَاَنَّكَ اَوْلٰى بِالْفَضْلِ وَاَعْوَدُ بِالْاِحْسَانِ

ہوں، میں جانتا ہوں کہ بیشک حجت و برہان تیرے لیے ہے اور (یہ بھی یقین رکھتا ہوں) کہ تو زیادہ لائق ہے ساتھ فضل کے

وَاَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ وَاَنَّكَ بِاَنْ تَعْفُوَ اَوْلٰى

اور بہت عادی ہے ساتھ احسان کے اور سزاوار ہے اس کا کہ ڈرا جائے تجھ سے اور لائق ہے بخشش کے ہم پر۔ اور یہ کہ تجھے عفو و درگزر زیادہ

مِنْكَ بِاَنْ تُعَاقِبَ وَاَنَّكَ بِاَنْ تَسْتُرَ اَقْرَبُ مِنْكَ اِلٰٓى اَنْ تُشَهِّرَ

لائق ہے بنسبت عقاب و عذاب دینے کے اور یہ کہ تیری پردہ داری زیادہ قریب ہے تجھ سے بنسبت ہمارے جرموں کی تشہیر کرنے کے

فَاَحْيِنِيْ حَيٰوةً طَيِّبَةً تَنْتَظِمُ بِهَا مَآ اُرِيْدُ وَتَبْلُغُ بِهَا مَآ اُحِبُّ مِنْ

پس مجھے زندگی عطا کر انتہائی پاکیزہ زندگی کہ انتظام پذیر ہو بسبب اس کے میری مراد اور رسائی بخشے مجھے بسبب اس کے

وَّصْلِكَ وَلَآ اٰتِيْ مَا تَكْرَهُ وَلَآ اَرْتَكِبُ مَا نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ وَ اَمِتْنِيْ

جو میں محبوب رکھتا ہوں یعنی اپنے وصل تک۔ اور نہ کروں میں جو تجھے ناپسند ہے۔ اور نہ ارتکاب کروں میں ایسے امور کا جن سے تونے مجھے منع کیا ہے اور

مِيْتَةَ مَنْ يَّسْعٰى نُوْرُهٗ بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ وَ ذَلِّلْنِيْ بَيْنَ يَدَيْكَ

مجھے وفات دے ان لوگوں جیسی کہ دوڑتا ہوگا نور ان کا ان کے آگے اور ان کی دائیں جانب اور مجھے متواضع و منکسر بنا اپنے آگے

وَاَعِزَّنِيْ عِنْدَ خَلْقِكَ وَضَعْنِيْ اِذَا خَلَوْتُ بِكَ وَارْفَعْنِيْ بَيْنَ

اور مجھے عزت اور سربلندی بخش نزدیک اپنی مخلوق کے۔ اور مجھے پست بنا جب میں تیرے ساتھ خلوت میں ہوں۔ اور رفعت بخش مجھے اپنے

عِبَادِكَ وَاَغْنِنِيْ عَمَّنْ هُوَ غَنِيٌّ عَنِّيْ وَزِدْنِيْ اِلَيْكَ فَاقَةً وَّفَقْرًا

بندوں کے درمیان۔ اور غنی فرما مجھے ان سے جو مجھ سے بے پروا ہوں۔ زیادہ فرما اپنی طرف میرے فاقہ اور فقر کو

وَّاَعِذْنِيْ مِنْ شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ حُلُوْلِ الْبَلَآءِ وَمِنَ الذُّلِّ وَ

اور مجھے پناہ دے دشمنوں کی مسرت و شادمانی سے۔ اور بلیات کے نزول سے اور بے سرو سامانی اور

الْعَنَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مشقت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى حَالِبِهٖ وَرَبَلَتِهٖ فِى الرَّبَلَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور ان کے مثانہ تک پہنچنے والی ہر رگ پر اور ان کے ہر ران کی جڑ پر رانوں کی جڑوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى زَآئِدَتِهِ الْعُظْمٰى وَزَآئِدَتِهِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے کچلیوں کے قریب والے بڑے دانت اور چھوٹے

الصُّغْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

دانت پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رُكْبَتِهٖ فِى الرُّكَبَاتِ وَمَآبِضِهٖ فِى الْمَآبِضِ اَللّٰهُمَّ

آل پر۔ اور آپ کے گھٹنے (کے بیرونی حصے پر) گھٹنوں میں اور گھٹنے کے اندرونی حصے پر اندرونی حصوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

کُرْدُوْسِهٖ فِی الْكَرَادِيْسِ وَرَضْفَتِهٖ فِی الرَّضَفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کندھے کی ہڈی پر کندھوں کی ہڈیوں میں۔ اور آپ کے گھٹنے کی ہڈیوں پر گھٹنوں کی ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خِنْبِهٖ
و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے ناک مبارک کے ہر نتھنے پر

فِی الْاَخْنَابِ وَسَاقِهٖ فِی السُّوْقِ وَطَرْفِهٖ فِی الْاَطْرَافِ اَللّٰهُمَّ
ناکوں کے نتھنوں میں اور آپ کی پنڈلی پر پنڈلیوں میں۔ اور ہر طرف اور عضو کے کنارے پر اطراف میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل امجاد پر۔ اور

عَلٰی قَصْبَتِهِ الْكُبْرٰی وَقَصْبَتِهِ الصُّغْرٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آپ کے سانس کی بڑی نالی اور چھوٹی نالی پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی رِجْلِهٖ فِی الْاَرْجُلِ وَ
بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے ہر ایک پاؤں پر پاؤں میں اور

كَعْبِهٖ فِی الْكُعُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
آپ کے ہر ایک ٹخنے پر ٹخنوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی عَقِبِهٖ فِی الْاَعْقَابِ وَعُرْقُوْبِهٖ فِی الْعَرَاقِيْبِ اَللّٰهُمَّ
محمد کی آل پر اور آپ کی ہر ایک ایڑی پر ایڑیوں میں۔ اور آپ کے ایڑی سے اُوپر والے پٹھے پر ان پٹھوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی زَوْرِتِهٖ
صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے وسط صدر پر

وَتَرَدِيَهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
اور سینہ کے سارے ڈھانچے پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَخْمَصِہٖ فِی الْاَخَامِصِ وَقَدَمِہٖ فِی الْاَقْدَامِ وَظَهْرِ
محمد کی آل پر۔ اور آپ کے قدم کے تلوے کی خمیدگی پران کی خمیدگیوں میں۔ اور آپ کے ہر قدم پر اقدام میں اور ہر قدم کی پشت پر

قَدَمِہٖ فِی الظُّهْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
قدموں کی پشتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُشْطِہٖ فِی الْاَمْشَاطِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
محمد کی آل پر اور آپ کی پشتِ پا پر یا اس کی باریک ہڈی پران ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَصَابِعِ رِجْلَیْہِ فِی الْاَصَابِعِ وَكَفِّ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے دونوں پاؤں کی ہر انگلی پر انگلیوں میں۔ اور آپ کے پاؤں

رِجْلَیْہِ فِی الْكُفُوْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
کے تلووں پر تلووں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَعْضَآئِہِ الْاَصْلِیَّةِ وَاَعْضَآئِہِ الْمُفْرَدَةِ
سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے اعضاء اصلیہ پر اور آپ کے مفرد اعضاء پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور

عَلٰی اَعْضَآئِہِ الْمُرَكَّبَةِ وَالرَّئِیْسَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
آپ کے اعضاء مرکبہ پر اور اعضاء رئیسہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَعْضَآئِہِ الْخَادِمَةِ لِلرَّئِیْسَةِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے ان اعضاء پر جو اعضاء رئیسہ کے خادم ہیں

وَالْمَرْؤُسَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
اور مخدومہ اعضاء پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَعْضَآئِہِ الْغَیْرِ الْمَرْؤُسَةِ وَلَا الرَّئِیْسَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد کی آل پر اور آپ کے اعضاء غیر مخدومہ اور غیر رئیسہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَعْضَآئِهِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے اعضاء

الْخَادِمَةِ وَاَعْضَآئِهِ الْمُوَلِّدَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

خادمہ پر اور اعضاء تولید پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رُطُوْبَتِهِ الْغَرِيْزِيَّةِ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی رطوبت غریزیہ پر اور

حَرَارَتِهِ الْغَرِيْزِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حرارت غریزیہ پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اُمُوْرِهِ الطَّبْعِيَّةِ فِى الطَّبَآئِعِ وَ

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے امور طبیعیہ پر طبائع کے امور میں اور

رُكْنِهِ الشَّبْكِيَّةِ وَطَبَقَتِهِ الْمَشِيْمِيَّةِ وَالصُّلْبِيَّةِ وَرُطُوْبَتِهِ الْبَيْضِيَّةِ

آپ کی آنکھ کے طبقہ شبکیہ پر اور طبقۂ مشیمیہ پر اور طبقۂ صلبیہ پر اور رطوبتِ بیضیہ پر

وَالْجَلِيْدِيَّةِ وَالزُّجَاجِيَّةِ فِى الرُّطُوْبَاتِ وَعَصَبَتِهِ الْمُجَوَّفَةِ فِى الْاَعْصَابِ

اور رطوبت جلیدیہ پر اور رطوبت زجاجیہ پر رطوبات میں اور آپ (کی آنکھوں سے مجمع النور کی طرف جانیوالے) اندر سے خالی پٹھے پر پٹھوں میں

وَمَجْمَعِ نُوْرِهٖ فِى الْمَجَامِعِ وَمُقْلَتِهٖ فِى الْمُقْلَاتِ وَمَاقِ عَيْنِهٖ فِى الْاٰمَاقِ

اور آپ کے مجمع النور پر (جہاں دونوں آنکھوں کی صورتیں پہنچ کر ایک بن جاتی ہیں) اور آپ کی آنکھ کے ڈھیلے پر ڈھیلوں میں اور آپ کی آنکھ کے اندرونی

وَمُقَدَّمِ عَيْنِهٖ فِى الْمَقَادِيْمِ وَمُؤَخَّرِ عَيْنِهٖ فِى الْاٰخِرِ وَنُقْرَةِ عَيْنِهٖ فِى

کنارہ پر ان کناروں میں ۔ اور آپ کی آنکھ کے مقدم حصہ پر مقدم حصوں میں ۔ اور آپ کی آنکھ کے مؤخر حصّے پر مؤخر حصوں میں اور آپ کی آنکھ کے گڑھے پر

النُّقَرِ وَشَحْمَةِ عَيْنِهٖ فِى الشُّحُوْمِ وَاَنْسَانِ عَيْنِهٖ فِى الْعُيُوْنِ وَمَرْمَعِهٖ

گڑھوں میں ۔ اور آپ کی آنکھ کے ڈھیلے پر ڈھیلوں میں ۔ اور آپ کی آنکھ کی پتلی پر آنکھوں میں اور آنکھ کے سفید کشادہ حصّے پر

فِى الْمَرَامِعِ وَحَدَقَتِهٖ فِى الْاَحْدَاقِ وَجُنْدُرِهٖ فِى الْجَنَادِيْرِ وَكَلِيْلِهٖ فِى

